پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ
15/12/2021

پسماندہ طبقہ کمیشن کی میٹنگ میں مختلف نکات شامل

لکھنؤ:15؍دسمبر 2021

اترپردیش ریاستی پسماندہ طبقہ کمیشن کے صدر جناب جسونت سینی کی صدارت میں آج یہاں اندرا بھون واقع کمیشن کے دفتر میں پسماندہ طبقہ کمیشن کی میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ میں 68500اسسٹنٹ ٹیچر کی تعیناتی امتحان میں ریزرویشن طبقہ کے او بی سی؍معذور؍سابق فوج؍مجاہدین آزادی کو کوالیفائنگ نمبر میں 5فیصد کی رعایت دینے، کفایت شعاری اور اترپردیش پرو-اساتذہ تعیناتی 2018اور 2019 میں ریزرویشن ضابطہ کو ٹھیک سے نافذ کرنے کے سلسلہ میں تبادلہ خیال کیا گیا۔

☆☆☆☆☆